کر اس کی اور زیادہ سے زیادہ امداد واعانت کریں۔

العلوم حرم۔ اس رسالہ میں مدرسہ صولتیہ کی پوری تاریخ تفصیل کے ساتھ بیان کی گئی ہے۔ اور
ضمن میں بانیٔ مدرسہ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات اور اُن کی خدمات علمی و عملی کا تذکرہ بھی آگیا ہے۔ جس سے
ب میں روشنی پیدا ہوتی ہے۔ مدرسہ کی تاریخ کے سلسلہ میں مدرسہ کے اغراض و مقاصد، صولت
نسا بیگم جن کے نام پر مدرسہ کا نام ہے۔ مدرسہ کے متعدد شعبے، عمارتیں، کتب خانہ، مدرسہ کی موجودہ
ت، اور آئندہ کے لیے لائحہ عمل۔ ان سب چیزوں کا تذکرہ ہے۔ رسالہ اس قابل ہے کہ ہر دیندار
مان اس کا مطالعہ کرے۔ تقطیع متوسط، صفحات ۶۳۔ کتابت طباعت متوسط، ٹائٹل بیچ
بصورت و دلآویز۔ دونوں کتابیں مندرجہ بالا پتہ سے مفت مل سکتی ہیں۔

ہر عبدالحق نمبر۔ تقطیع بڑی، صفحات ۲۰۲، کتابت و طباعت بہتر، مجلد، گرد پوش خوبصورت قیمت
و پتہ :۔ مکتبہ جامعہ دہلی، لاہور، لکھنؤ۔

ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اُردو، اُردو زبان و ادب کے دیرینہ خادم
ن ہیں۔ وہ اس ضعیف العمری میں بھی اُردو کی بقا و ارتقاء کے لیے جو تگ و دو کر رہے ہیں اُس پر
ے جوانوں کو رشک آسکتا ہے۔ جامعہ ملیہ کی انجمن اتحاد نے امسال اپنے رسالہ جوہر کا خاص نمبر بطور
ان شناسی و سپاس گزاری مولوی صاحب موصوف کی ہی ستروں سالگرہ کی یادگار میں شائع
ہے۔ شروع میں رسالہ کے مرتب صاحب کی عرض کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی لکھی ہوئی
یب ہے۔ جس میں انھوں نے صدر انجمن کی حیثیت سے مولوی عبدالحق صاحب کی خدمات کا تذکرہ
ے جوہر کی اس اشاعت خاص کی اہمیت و ضرورت پر روشنی ڈالی ہے۔ پھر گاندھی جی کے ایک
ی تحریری عکس ہے۔ اس کے بعد کچھ پیام ہیں۔ مضامین و مقالات میں پہلے سات مضامین مولوی
حق صاحب کے ذاتی سوانح حیات اور اُن کی خدمات زبان و ادب سے متعلق مختلف ارباب قلم